## سوال

(373) منصوبہ بندی کے لیے مصنوعی طریقہ استعمال کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عمرو کی بیوی کے ہاں جب بھی بچہ پیدا ہوتا ہے آپریشن کے ساتھ ہوتا ہے گذشتہ 20یا22ماہ کے عرصہ میں اس کے تین اپریشن ہوچکے ہیں دو تو بچوں کے لیے جب کہ ایک اپریشن ٹانک ٹوٹنے کی بناء پر ہوااب کی بار،بچہ پیدائش کے بعد لیڈی ڈاکٹر نے سختی سے کہا کہ آئندہ آپ کے ہاں کم ازکم پانچ سال کا وقفہ انتہائی ضروری ہے بصورت دیگر کیا وقفہ کے لیے کوئی مصنوعی طریقہ اپنایا جاسکتا ہے ؟اور شرعاً جائز ہے یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت ہذا میں اگر عزل کا طریقہ کرلیا جائے تو جواز ہے اگرچہ کراہت سے خالی نہیں اس کی صورت یہ ہے کہ بوقت انزال پانی باہر ڈال دیا جائے یا کوئی اور ذریعہ اختیار کیا جائے بصورت دیگر یعنی سرعت انزال وغیرہ کی بناء پر ادویات کے استعمال کی بھی گنجائش ہے کیوں کہ جان کا،بچانا فرض ہے تاہم شرط یہ ہے کہ وہ قاطع نسل نہ ہوں بایں وجہ اگر،جماع کے وقت محفوظ مصنوعی آلہ کو اختیار کرلیا جائے تو بھی کوئی حرج معلوم نہیں ہوتا۔(ہذا ما عندی واللہ اعلم)

هذا ما عندي والله اعلم بالصواب

## فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

# ج1ص641

محدث فتویٰ